SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

February 08, 2023

# ایس ای سی پی نے جنوری میں 2,409 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد، 8 فروری: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے رواں سال کے پہلے مہینے میں 2,409 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔ نئی رجسٹریشن کے بعد رجسٹرڈ کمپنیوں کی کل تعداد 185,173 ہو گئی ہے۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا مجموعی طور پر کل اداشدہ سرمایہ 2 ارب 70 کروڑ روپے ہے۔

جنوری میں رجسٹرڈ کمپنیوں میں تقریباً 57 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ ہیں جبکہ 39 فیصد سنگل ممبر اور 3 فیصد پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش و تجارتی ایسوی ایشنز، غیر ملکی کمپنیاں اور محدود ذمہ داری کی شراکت داری (LLP) شامل ہیں۔ اس ماہ تقریباً 99.5 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں جبکہ 101 غیر ملکی صارفین نے بیرون ملک سے بھی کمپنیاں رجسٹر کروائیں۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ رجسٹریشن رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور کنسٹرکشن سیکٹر میں ہوئی جہاں 407 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے بعد انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 334، ٹریڈنگ میں 321، سروسز سیکٹر میں 250، سیاحت میں 99، خوراک اور مشروبات کے سیکٹر میں 97 کمپنیاں، تعلیم میں 86، ای کامرس میں 77 کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئیں۔ اس کی علاوہ کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ میں 63، فارماسیوٹیکل میں 51، ٹیکسٹائل میں 49، مارکیٹنگ اور اشتہارات میں 47، انجینئرنگ میں 44، ہیلتھ کیئر میں 39، کیمیکل میں 39، ٹرانسپورٹ میں 35 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

ایس ای سی پی کی ای سروسز کی ایف بی آر اور دیگر صوبائی محکموں کے ساتھ انٹی گریشن کے نتیجے میں جنوری میں 2,225 کمپنیاں این ٹی این کے اجرا کے لیے ایف بی آر کے ساتھ رجسٹر ہوئیں جبکہ 40 کمپنیاں ایمپلائیز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن اور 41 کمپنیاں صوبائی ریوینیو کے محکموں، اور 30 کمپنیوں نے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ساتھ رجسٹریشن حاصل کی۔

جنوری میں رجسٹر ہونے والی 62 نئی کمپنیوں میں افغانستان، کینیڈا، چین، چلی، مصر، جرمنی، ہنگری، ایران، اعراق، ناروے، سنگاپور، اٹلی، اردن، کوریا جنوبی، پیرو، فلپائن، روس، ساوتھ کوریا، نیدرلینڈز، اومان، نائجیریا، کینیا، برطانیہ اور امریکہ کے غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے بھی سرمایہ کاری کی گئیں۔